Ph. : (01336) 222429
Fax : (01336) 222768

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Web : www.darululoom-deoband.com
Email: info@darululoom-deoband.com

دارالعُلوم دیوبَند

Darul-Uloom, Deoband. U.P. India

حوالہ 276/1/21

باسمہٖ سبحانہ وتعالیٰ

التاریخ 13/02/2021

اعلان

لاک ڈاؤن کی وجہ سے جو تعلیمی سلسلہ منقطع تھا، اب حکومت اتر پردیش کی تازہ ہدایات کی روشنی میں دارالعلوم دیوبند کی مجلس تعلیمی منعقدہ ۳۰ر جمادی الآخرۃ ۱۴۴۲ھ مطابق ۱۳ر فروری ۲۰۲۱ء نے فیصلہ کیا ہے کہ ۱۰ر رجب ۱۴۴۲ھ سے تعلیمی سلسلہ کا آغاز کیا جائے۔ اس سلسلے میں اعلان کیا جاتا ہے کہ:

۱- درجات حفظ وناظرہ اور دینیات وفارسی کی تعلیم مکمل طور پر شروع ہوگی۔

۲- تعلیمی سال ۴۱-۱۴۴۰ھ کے سال اول عربی تا چہارم عربی کے تمام قدیم طلبہ ۱۰ر رجب تک دارالعلوم حاضر ہوجائیں۔ انھیں ان کی پڑھی ہوئی کتابوں کو دوبارہ یاد کرایا جائے گا۔

۳- سال پنجم تا دورۂ حدیث کے طلبہ حسب سابق نئے تعلیمی سال کے آغاز پر (شوال ۱۴۴۲ھ میں) دارالعلوم آئیں۔

۴- تمام طلبہ اپنے سرپرستوں کی اجازت کی تحریر ساتھ لے کر آئیں، جس کا نمونہ ساتھ میں شایع کیا جارہا ہے۔

۵- آنے والے تمام طلبہ کو کووڈ-۱۹ سے متعلق حکومت اور محکمۂ صحت کی طرف سے جاری کردہ ہدایات کی پابندی کرنی ہوگی۔

۶- آنے والے تمام طلبہ ماسک لگا کر سفر کریں۔

ابوالقاسم نعمانی

ابوالقاسم نعمانی غفرلہ
مہتمم دارالعلوم دیوبند

۳۰/۶/۱۴۴۲ھ مطابق ۱۳/۲/۲۰۲۱ء

DARUL--ULOOM
INDIA
DEOBAND (U.P.)

بخدمت حضرت مہتمم صاحب، دارالعلوم دیوبند

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

موضوع: بچے کو دارالعلوم دیوبند میں رہ کر تعلیم حاصل کرنے سے متعلق اجازت نامہ

عرض خدمت یہ ہے کہ میں اپنے بچے کو دارالعلوم دیوبند میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہوں اور اسے دارالعلوم میں اپنی رضامندی سے بھیج رہا ہوں۔ میرا بچہ کووڈ- ۱۹ سے متعلق تمام رہنما خطوط پر عمل کرے گا اور اس سلسلے کی جملہ ہدایات (سماجی دوری اور ماسک وغیرہ) کی پابندی کرے گا۔ اگر خدانخواستہ وائرس سے انفیکشن کا کوئی واقعہ پیش بھی آجائے تو میں ذاتی طور پر اس کا ذمہ دار ہوں گا اور ادارہ کو اس کا ذمہ دار نہیں ٹھہراؤں گا۔

لہٰذا، حضرت والا سے گزارش ہے کہ میرے بچے کو دارالعلوم میں رہ کر تعلیم حاصل کرنے کا موقع بہم پہنچائیں۔

والسلام

دستخط والد / سرپرست:

نام والد / سرپرست:

دستخط طالب علم:

ساکن:

نام طالب علم:

موبائل نمبر والد / سرپرست:

درجہ سال گذشتہ:

فارم نمبر:

تاریخ:

موبائل نمبر طالب علم: